Studybeesofficial

*Where Minds Pollinate*

# Urdu Writing Skills

# ای میل

for

## SSC-I & HSSC-II

**Follow Our Socials**
studybeesofficial
studybeesofficialpak
studybeesofficialpak

CamScanner

تاریخ: ___ ___ ___

## ای میل Pattren

منجانب: abc@gmail.com
برائے: xyz@gmail.com
۱۰ مئی ۲۰۲۵

عنوان: بجلی کی شکایت

محترم چیئرمین واپڈا!

______________________

______________________

خیر اندیش
اہلِ علاقہ
ل۔م۔ن

Study Bees official

CS CamScanner

# ای میل

۱۔ **چھٹی کی درخواست کی ای میل**

موضوع: چھٹی کی درخواست

محترم سر،

میں مؤدبانہ گزارش کرتا ہوں کہ مجھے ذاتی مجبوری کے باعث مورخہ 28 اگست تا 30 اگست تک تین دن کی رخصت درکار ہے۔

مہربانی فرما کر میری درخواست منظور کریں۔

شکریہ

آپ کا مخلص

احمد رضا

۲۔ **شکریہ کا ای میل**

موضوع: شکریہ

محترمہ میڈم،

آپ کی رہنمائی اور تعاون کے لیے تہہ دل سے شکر گزار ہوں۔ آپ کی نصیحتوں نے میرے تعلیمی سفر کو مزید آسان اور مؤثر بنایا ہے۔

دعا ہے کہ اللہ آپ کو ہمیشہ خوش و خرم رکھے۔

خلوص کے ساتھ

زینب فاطمہ

۳۔ **اطلاع برائے میٹنگ**

موضوع: کل کی میٹنگ کی اطلاع

محترم ساتھیو،

یہ اطلاع دی جا رہی ہے کہ کل مورخہ 27 اگست بروز منگل صبح 10 بجے کانفرنس روم میں ایک اہم میٹنگ رکھی گئی ہے۔ براہ کرم وقت کی پابندی کو یقینی بنائیں۔

شکریہ

سیکرٹری آفس

۴۔ شکایت برائے سہولت

موضوع: ایئر کنڈیشن کی خرابی کے بارے میں شکایت

محترم منتظم،

ہمارے دفتر کی پہلی منزل پر ایئر کنڈیشن کافی دنوں سے خراب ہے جس کے باعث ملازمین کو مشکلات کا سامنا ہے۔ براہ کرم فوری طور پر مرمت کا انتظام کیا جائے۔

خیر اندیش

محمد علی

۵۔ دعوت نامہ

موضوع: سیمینار میں شرکت کی دعوت

محترم استاد،

ہمارے ادارے کی جانب سے مورخہ 5 ستمبر کو "نئی تعلیمی حکمتِ عملی" پر ایک سیمینار منعقد کیا جا رہا ہے۔ آپ کی شرکت ہمارے لیے باعثِ فخر ہوگی۔

برائے مہربانی اپنی حاضری کی تصدیق عنایت فرمائیں۔

احترام کے ساتھ

سیکرٹری، تعلیمی کمیٹی

۶۔ ای میل برائے تجربہ سرٹیفکیٹ

موضوع: تجربہ سرٹیفکیٹ کے اجرا کی ای میل

محترم سر،

میں گزارش کرتا ہوں کہ میں نے آپ کے ادارے میں بطور لیکچرار تین سال خدمات انجام دیں۔ برائے مہربانی میرے لیے تجربہ سرٹیفکیٹ جاری کرنے کی منظوری عطا فرمائیں تاکہ میں آئندہ ملازمت کے لیے اسے استعمال کر سکوں۔

مخلص

محمد عارف

۷۔ کلاسز کی منصفانہ تقسیم کے بارے میں ای میل

موضوع: کلاسز کی تقسیم کے حوالے سے گزارش

محترم پرنسپل صاحب،

میں اس امر پر توجہ دلانا چاہتا ہوں کہ بعض اساتذہ کو سات کلاسز جبکہ بعض کو چار کلاسز دی گئی ہیں، حالانکہ معیاری لوڈ پانچ کلاسز فی کس ہے۔ برائے مہربانی اس معاملے کو منصفانہ طور پر حل کرنے کی ہدایت فرمائیں۔

فرمانبردار

ظہیر عباس

۸۔ تنخواہ کی ادائیگی میں تاخیر کے بارے میں

موضوع: تنخواہ کی ادائیگی میں تاخیر

محترم اکاؤنٹس آفیسر،

گزشتہ دو ماہ سے تنخواہ کی ادائیگی میں تاخیر ہو رہی ہے جس سے عملے کو شدید مالی مشکلات کا سامنا ہے۔ برائے مہربانی بروقت ادائیگی کو یقینی بنانے کی ہدایت کی جائے۔

خیر اندیش

عبدالرحمان

۹۔ ادارے کی سہولیات کی بہتری کے لیے تجویز

موضوع: دفتر میں سہولیات کی بہتری کی تجویز

محترم سر،

عملے کی کارکردگی بہتر بنانے کے لیے یہ تجویز پیش کرتا ہوں کہ دفتر میں انٹرنیٹ کی رفتار کو بہتر کیا جائے اور اسٹاف روم میں اضافی کمپیوٹر فراہم کیے جائیں۔ اس اقدام سے کارکردگی میں نمایاں بہتری آئے گی۔

مخلص

سلیم احمد

۱۰۔ نئے منصوبے میں شمولیت کی خواہش

موضوع: نئے پروجیکٹ میں شمولیت کے بارے میں

محترم سر،

آپ کے ادارے کے زیر اہتمام نئے تعلیمی منصوبے کے آغاز کی خبر ملی۔ میں اس میں اپنی خدمات پیش کرنے کا خواہشمند ہوں۔ برائے مہربانی مجھے اس پروجیکٹ کا حصہ بنانے کی منظوری عطا فرمائیں۔

خلوص کے ساتھ

فیضان علی

CamScanner